بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الاختبار السنوي، معهد الرحمة، واربرتن

الصف الرابع، الصديق — المادة: تاریخ بنوامیہ

رقم الجلوس........................ — التاريخ: 09-02-2026

الدرجات الكبرى: 60 — الوقت: 03:00 ساعات

| الدرجات الكبرى: 20 | حصہ معروضی | الوقت: 45 دقيقة |
|---|---|---|

**السؤال الأول:** درست جواب کا انتخاب کریں :

| | | |
|---|---|---|
| ۱ خارجیوں کی شورش ختم کرنے کے لیے معاویہ رضی اللہ عنہ نے کس صحابی کو کوفہ کا والی مقرر کیا۔ | | |
| (الف) مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ | (ب) زیاد بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ | (ج) عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ |
| ۲ بنوامیہ کے کس خلیفہ کو ''مفتاح الخیر'' کا لقب دیا گیا ہے ؟ | | |
| (الف) ولید بن عبدالملک | (ب) سلیمان بن عبدالملک | (ج) یزید بن عبدالملک |
| ۳ عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کی تعلیم و تربیت کس محدث نے کی ؟ | | |
| (الف) سعید بن مسیب | (ب) صالح بن کیسان | (ج) امام زہری |
| ۴ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی ؟ | | |
| (الف) مروان بن حکم | (ب) یزید بن معاویہ | (ج) ضحاک بن قیس |
| ۵ عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے مدینہ کے کس گورنر کو احادیث نبوی کی تلاش و جستجو پر مقرر کیا۔ | | |
| (الف) ابو بکر بن حزم | (ب) قاسم بن محمد | (ج) عروہ بن زبیر |
| ۶ کون سا خلیفہ تدبر اور حوصلہ مندی میں عبدالملک بن مروان کا مثنیٰ تھا۔ | | |
| (الف) ہشام بن عبدالملک | (ب) ولید بن عبدالملک | (ج) عمر بن عبدالعزیز |
| ۷ ہشام بن عبدالملک نے کس محدث سے حدیثوں کا مجموعہ مرتب کروایا تھا ؟ | | |
| (الف) امام زہری | (ب) امام اوزاعی | (ج) سعید بن مسیب |
| ۸ ولید ثانی بن یزید بن عبدالملک پر کفر و زندقہ کی نسبت کو کس مشہور محدث اور مورخ نے غلط قرار دیا تھا ؟ | | |
| (الف) حافظ ذہبی | (ب) ابن کثیر | (ج) خطیب بغدادی |

| ⑨ عکاظ، فجار اول، فجار دوم اور ذات نکیف کی لڑائیوں میں سپہ سالار کون تھا؟ | | |
|---|---|---|
| (الف) عبد شمس بن عبد مناف | (ب) امیہ بن عبد شمس | (ج) حرب بن امیہ |
| ⑩ عمر بن عبدالعزیز بنو امیہ کے کون سے خلیفہ ہیں؟ | | |
| (الف) ساتواں خلیفہ | (ب) آٹھواں خلیفہ | (ج) ان میں سے کوئی بھی نہیں |

**السؤال الثانی:** مختصر جواب دیں:

① قبیلہ قریش کی 8 چھوٹی شاخوں کے نام بتائیں؟

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

② حسین رضی اللہ عنہ کو جن خیر خواہوں نے کوفہ جانے سے روکا تھا ان میں سے پانچ کا نام بتائیں؟

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

③ عبدالملک بن مروان کے زمانے میں کھڑی ہونے والی جماعت توابین کے متعلق مختصر لکھیں۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

④ مختار بن ابی عبید ثقفی کے چار گمراہ کن عقائد کا مختصر تذکرہ کریں۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

⑤ عبدالملک بن مروان کے زمانے پیش آنے والے 3 قابل تشنیع واقعات مختصر بتائیں۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

| | | |
|---|---|---|
| المادۃ: تاریخ بنوامیہ | الصف الرابع، الصدیق | التاریخ: 09-02-2026 |
| الدرجات الکبری: 40 | حصہ انشائیہ | الوقت: 02:15 ساعات |
| أجب عن أربعة أسئلة فقط | | |

**السؤال الثالث:** امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے کارنامے مفصل لکھیں (15 سرخیاں)

**السؤال الرابع:** درج ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں:

- ظالم عہدہ داروں کا تدارک اور مظالم کی اصلاح میں عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کا کردار
- مروان ثانی بن محمد کے دور میں عباسی تحریک اور ابو مسلم خراسانی کا کردار
- اموی حکومت کے زوال کے اسباب

**السؤال الخامس:** خاندان بنوامیہ کا نقشہ بنائیں اور خلفائے بنوامیہ میں ہر ایک کی کل مدت خلافت لکھیں۔

**السؤال السادس:** اموی دور میں جن علوم و فنون میں ترقی ہوئی ان میں سے کم از کم دس کے صرف نام لکھیں اور درج ذیل دو علوم پر سیر حاصل بحث کریں:

- اموی دور میں فن مغازی و سیرت کی خدمت
- اموی دور میں احادیث کی چھان پرکھ اور روایت کرنے میں احتیاط

**السؤال السابع:** درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں:

① ولید بن عبد الملک کے زمانے کے 4 نامور سپہ سالاروں کے نام لکھیں۔

② عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کی خلافت سے قبل اموی حکومت میں کیا خرابیاں آچکی تھیں، 5 کا مختصر ذکر کریں۔

③ عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کے 5 مشیر علماء کا نام لکھیں۔

④ فقہائے سبعہ کا نام لکھیں۔

⑤ معاویہ رضی اللہ عنہ کو کن پانچ بزرگ صحابہ سے یزید کی ولی عہدی کے بارے مخالفت کا خدشہ تھا اور پھر ان سے بیعت کس طرح لی گئی؟

واللہ أسأل لکم النجاح